نظامِ عدالت سے متعلق ہے جس میں عدالت کی تعریف۔ اس کے اجزار اور عناصر۔ اسلامی عدلیہ کے مختلف ادوار۔ اس سلسلہ میں تاریخ اسلام کے چیدہ چیدہ اور مفید و دلچسپ اور مشہور فقہار و مقننینِ اسلام کے سبق آموز حالات لکھے گئے ہیں۔ زبان شگفتہ اور عام فہم ہے۔ امید ہے کہ اہلِ علم اور اربابِ ذوق اس کی قدر کریں گے اور فاضل مصنف کی محنت و کاوش کی داد دیں گے۔

فلسفۂ ایمان | از مولانا سید سلیمان صاحب ندوی تقطیع خورد۔ ضخامت ۴۸ صفحات کتابت و طباعت متوسط۔ قیمت ۹ر پتہ:۔ ادارہ دعوت الحق بیگم بازار کوچہ گھانسمنڈی حیدر آباد دکن۔

یہ ایک فاضلانہ مقالہ ہے جس میں ایمان کی حقیقت۔ عمل اور کردار سے اس کا تعلق۔ اس کے مختلف اجزا اور عناصر۔ اسلامی نظام کی اساس اور بنیاد۔ مومن و کافر کے امتیازات۔ خیر و شر کی پہچان عہدِ حاضر کے مختلف عقیدوں کی ناکامی وغیرہ ان مسائل پر بصیرت افروز اور ایمان پرور انداز بیان سے روشنی ڈالی گئی ہے۔ یہ مقالہ اس لائق ہے کہ وقت کی مروجہ زبانوں میں ترجمہ کرا کر اس کو زیادہ سے زیادہ شائع کیا جائے۔ البتہ اس ایک مختصر مقالہ پر دیباچہ اور مقدمہ کا بار بہت زیادہ ہے، ان کی چنداں کوئی ضرورت نہ تھی۔

رسولِ خدا | از مولوی ابوالحسن صاحب صدیقی غازی پوری تقطیع خورد ضخامت ۷۱ صفحات۔ کتابت جلی۔ قیمت ۸ر پتہ:۔ مکتبۂ دینیہ غازی پور۔

یہ کتاب بچوں کے لئے لکھی گئی ہے، جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ مبارکہ کے چیدہ چیدہ واقعات و حالات اور آپ کے اخلاق و عادات عام فہم اور سلیس و آسان زبان میں قلمبند کئے گئے ہیں۔ واقعات سب کے سب مستند ہیں اور ہر سبق کے آخر میں بہ طور نتیجہ کے بچوں کے لئے اس کا خلاصہ بھی بیان کر دیا گیا ہے۔ یہ کتاب اس لائق ہے کہ بچوں کے نصاب تعلیم میں شامل کی جائے۔

حسنؓ حسینؓ | از مولوی فضل الرحمٰن صاحب استاذ جامعہ ملیہ دہلی تقطیع خورد ضخامت ۴۳ صفحات کتابت و طباعت اور کاغذ بہتر۔ قیمت ۷ر پتہ:۔ حالی پبلشنگ ہاؤس دہلی